سوال

(998)ناخن بڑھانے کا کیا حکم ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ناخن بڑھانے کا کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ناخن بڑھانا حرام نہ بھی ہو تو مکروہ ضرور ہے۔ کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ناخن تراشنے کے لیے چالیس دن مقرر فرمائے ہیں۔ (صحیح مسلم، کتاب الطھارۃ، باب خصال الفطرۃ، حدیث:258) (اس روایت میں چالیس راتوں کا ذکر ہے جبکہ دیگر روایات میں چالیس دن کا ذکر بھی ہے)(سنن النسائی، کتاب الطھارۃ، باب التوقیت فی ذلک، حدیث:14وسنن ابی داود، کتاب الترجل، باب فی اخذ الشارب، حدیث:4200وسنن الترمذی، کتاب الادب، باب فی التوقیت فی تقلیم الاظافر واخذ الشارب، حدیث:2789۔)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 703

محدث فتویٰ